مسافرانِ آخرت

ادارہ

★ چیچہ وطنی میں ہمارے معاون محمد سہیل مان (چک نمبر 109-12 ایل) کے والدِ گرامی محمد چراغ مان ایڈووکیٹ 04 اکتوبر بدھ کو انتقال فرما گئے، نماز جنازہ 05 اکتوبر جمعرات کو ادا کی گئی، جس میں شہریوں، مقامی لوگوں اور احرار ساتھیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ★ چیچہ وطنی جماعت کے قدیم کارکن مولانا قاری قاضی محمد شفیق (چک نمبر 113-7 آر) طویل علالت کے بعد 06 اکتوبر جمعۃ المبارک کو انتقال فرما گئے، پہلی نماز جنازہ (چک نمبر 87-12 ایل) (گجراں والی) میں بعد نماز مغرب جبکہ دوسری نماز جنازہ مرحوم کے آبائی گاؤں چک نمبر 113-7 آر میں بعد نماز عشاء ادا کی گئی، علاقہ بھر سے علماء کرام، دینی کارکنوں اور مجلس احرار اسلام کے جنرل سیکرٹری عبداللطیف خالد چیمہ کے علاوہ دیگر ساتھی بھی شریک ہوئے۔ ★ چیچہ وطنی میں ہمارے قدیم معاون محمد افضل بھولی طویل علالت کے بعد 23۔ اکتوبر کو انتقال کر گئے۔ مرحوم ایک طویل عرصہ مشہور سماجی تنظیم ''ہمدرد فاؤنڈیشن چیچہ وطنی'' کے پلیٹ فارم سے فلاحی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ مجلس احرار اسلام اور حاجی عبداللطیف خالد چیمہ کا مقامی سطح پر ان کے ساتھ تعاون رہا۔ ★ جامعہ خیر المدارس ملتان کے سابق استاذ مولانا مفتی محمد انور دامت برکاتہم کی اہلیہ اور ماہنامہ الخیر ملتان کے مدیر مولانا محمد ازہر کی بھاوج 3/ اکتوبر کو انتقال کر گئیں۔ ★ مدرسہ معمورہ ملتان کے قدیم معاون حاجی محمد یامین قریشی مرحوم، انتقال: 4/ اکتوبر۔ ★ جامعہ خیر المدارس ملتان کے سابق استاذ الحدیث حضرت مولانا فیض احمد رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ 10/ محرم 1439ھ کو انتقال کر گئیں۔
★ لاہور میں ہمارے مہربان عامر سعید صاحب کی اہلیہ اور آصف سعید صاحب کی بھاوج مرحومہ، انتقال: ستمبر 2017ء
★ لاہور میں ہمارے کرم فرما ڈاکٹر علی رضا صاحب کی والدہ مرحومہ، انتقال: 24/ اکتوبر 2017ء ★ کراچی میں ہمارے رفیق و محترم دوست جناب طارق محمود مدنی کے پوتے اور محمد عمران مدنی کے بیٹے محمد مروان، انتقال: بعمر 16 ماہ، 21/ اکتوبر 2017ء ★ چنیوٹ میں قدیم احرار کارکن جناب احمد علی راجا کا جواب بیٹا عبدالرحمٰن مرحوم، انتقال: 25/ اکتوبر/ 2017ء ★ مجلس احرارِ اسلام بستی مولویان رحیم یار خان کے قدیم کارکن مولوی دوست محمد چوہان کی اہلیہ مرحومہ، انتقال: 19/ اکتوبر 2017ء ★ مجلس احرار اسلام چناب نگر کے مخلص کارکن مولوی محمد اظہر کے چھوٹے بھائی منظور احمد مرحوم، انتقال: 23/ اکتوبر 2017ء ★ شبانِ ختم نبوّت کے امیر مولانا سید انیس شاہ صاحب کی بھاوج مرحومہ، انتقال: 26/ اکتوبر 2017ء ★ جامعہ عثمانیہ چناب نگر کے مہتمم قاری شبیر احمد عثمانی کی ہمشیر اور صاحبزادہ محمد قادری (حافظ والا شجاع آباد) کی والدہ مرحومہ، انتقال: 27/ اکتوبر 2017ء ★ پروفیسر ڈاکٹر محمد علی (نشتر ہسپتال) کی والدہ، انتقال: 27/ اکتوبر 2017ء ★ ملک عبدالوحید کمبوہ کی اہلیہ، انتقال: 27/ اکتوبر 2017ء

★ احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ پسماندگان کو صبر جمیل اور اجر عظیم عطاء فرمائے۔